Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی حیدرآباد 032 500۔تلنگانہ
فون:۔040-23006606، 23006612-15 (104)، فیکس:23006606، ای میل:۔manuupro1@yahoo.com، ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

29/جنوری 2019

اُردو یونیورسٹی میں 5/فروری کو فارسی کی بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز

حیدرآباد، 29/جنوری (پریس نوٹ) انجمن استادانِ فارسی، ہند (ایپٹا) کی 36 ویں بین الاقوامی کانفرنس کا مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں شعبۂ فارسی کے اشتراک سے 5 تا 7/فروری اہتمام کیا جارہا ہے۔ کانفرنس کا عنوان ''فارسی زبان وادب میں دکن کا حصہ'' ہے۔

پروفیسر شاہد نوخیز، صدر شعبۂ فارسی و مقامی سکریٹری ایپٹا کے بموجب 5/فروری کو صبح 10:30 بجے لائبریری آڈیٹوریم میں افتتاحی اجلاس منعقد ہوگا۔ آقائی پروفیسر غلام علی حداد عادل، سابق پارلیمانی اسپیکر، اسلامی جمہوریہ ایران؛ ڈاکٹر علی چگینی، ایرانی سفیر برائے ہند؛ وصدر نشین سعدی فاؤنڈیشن، تہران اور پروفیسر طارق منصور، وائس چانسلر، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی مہمانانِ خصوصی ہوں گے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر صدارت کریں گے۔ پدم بھوشن جناب موسیٰ رضا، آئی اے ایس، صدر نشین ساؤتھ انڈین ایجوکیشنل ٹرسٹ، چنئی؛ پروفیسر مظفر علی شہمیری، وائس چانسلر، عبدالحق اردو یونیورسٹی، کرنول؛ جناب شاہنواز قاسم، آئی پی ایس، صدر نشین تلنگانہ وقف بورڈ، وڈائرکٹر اقلیتی امور، ریاست تلنگانہ اور تہران یونیورسٹی، ایران کے معروف اساتذہ پروفیسر پروین دخت مشہود اور پروفیسر آقائی علی محمد مؤذنی مہمانانِ اعزازی ہوں گے۔ صدر ایپٹا پروفیسر آذرمی دخت صفوی خطبۂ استقبالیہ پیش کریں گی۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر